پریس ریلیز

نیسلے اور ڈیسکون خواتین میں صنعتی مہارت کی ترقی کے لئے کوشاں

لاہور (16 دسمبر ، 2016ء) نیسلے پاکستان اور ڈیسکون ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ (DTI) نے خواتین کے پہلے ووکیشنل ٹریننگ سیشن کی کامیاب تکمیل کرلی۔

نیسلے نے اس بات کا بھی اعلان کیا ہے کہ تربیت پانے والی آٹھوں خواتین کو کمپنی میں ملازمتیں دی جائیں گی۔

ان آٹھ خواتین کو اُس تقریب میں سرٹیفیکیٹ تقسیم کئے گئے جو نیسلے ہیڈ آفس میں منعقد کی گئی۔اس تقریب میں نیسلے کے مینجنگ ڈائریکٹر برونو Olierhoek اور ڈیسکون کے چیئرمین عبدالرزاق داؤد مہمانانِ خصوصی تھے۔

دو ماہ جاری رہنے والے اس کورس میں خواتین کی سیفٹی، فورک لفٹ اور الیکٹریکل / ٹیکنیکل تربیت کی گئی جو ان کو صنعتی سیکٹر میں ممکنہ اپرنٹس شپس یا ملازمت میں معاون ثابت ہوگی۔

برونو Olierhoek نے خواتین کے صنعتی شعبے میں کردار پر زور دیا کہ وہ اپنی مہارت کی ترقی کے ذریعے کاروبار کے فروغ میں معاون ہوسکتی ہیں، انہوں نے کہا: '' نیسلے، پاکستان اور نیسلے کی خواتین پر یقین رکھتا ہے اور وہ ان کو کمپنی کا حصہ بننے کی جانب حوصلہ افزائی کرتا ہے۔نیسلے پاکستان کی خواتین کی ترقی کے لئے مضبوط عزم پر کاربند ہے، اور آئندہ بھی مزید خواتین کو ڈی ٹی آئی کے ذریعے تربیت دینے کا ارادہ رکھتا ہے۔''

ڈیسکون کے چیئرمین عبدالرزاق داؤد نے اپنے خطاب میں گریجویٹس کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا: ''نیسلے نے پاکستان کے لئے عظیم کردار ادا کیا ہے، اور ہمیں ان سے منسلک ہونے پر فخر ہے۔نیسلے کی طرح ہم بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ Diversity ایک طاقت ہے، خواتین کو ملک میں، کام کی جگہوں پر اور اقتصادی ترقی میں بڑا کردار ادا کرنا چاہئے۔''

☆☆☆اختتام☆☆☆

نیسلے پاکستان کا تعارف

نیسلے پاکستان نیوٹرشن ہیلتھ اینڈ ویلنس یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔نیسلے پاکستان جن آبادیوں میں کام کرتا ہے وہاں تعلیم، غذائیت، پانی اور دیہی ترقی پر توجہ مرکوز کر کے مشترکہ اقدار پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے ہزاروں کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجیے:
عاتکہ میر خان
کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر، نیسلے پاکستان
موبائل: 042-35988119
ای میل aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com